# قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر

## سیکرٹریٹ

☆☆☆

**مورخہ 26 دسمبر 2024ء بروز جمعرات بوقت 2:00 بجے دن منعقد ہونے والے قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر کے اجلاس کی ترتیب کارروائی۔**

---

**﴿تلاوت قرآن حکیم ونعت رسول مقبول ﷺ﴾**

**قاری اسمبلی تلاوت قرآن حکیم اور اسکا اردو ترجمہ جبکہ نعت خواں اسمبلی بارگاہ رسالت مآب خاتم النبین ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کرینگے۔**

---

## (حصہ اول)

## (سوالات)

علیحدہ فہرست میں مندرج سوالات دریافت کیئے جائیں گے اوران کے جوابات دیئے جائیں گے۔

---

## (حصہ دوئم)

## ﴿قراردادھاء﴾

**1- قرارداد منجانب جناب پیر محمد مظہر سعید شاہ وزیر اطلاعات۔**

مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی حکومت کی طرف سے کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ مولانا عمر فاروق کو مسلسل کئی ہفتوں سے نظر بند رکھنے اور نماز جمعہ کی ادائیگی سے روکنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس کو دینی معاملات میں صریح مداخلت قرار دیتا ہے۔

یہ بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ ہندوستان کی ان مکروہ حرکتوں کی وجہ سے کشمیر کی مظلوم عوام کا جینا دوبھر ہو گیا ہے اب عوام کو شہداء کے گھر تعزیت کے لئے جانے پر سے روکا جا رہا ہے۔

یہ ایوان انسانی حقوق کے اداروں کے ضمیر کو جھنجوڑنے کے ساتھ ساتھ مطالبہ کرتا ہے کہ ایسے معاملات سے مودی سرکار کو روکے اور اگر بھارت اقلیتوں پر ظلم سے باز نہیں آتا تو یہ ایوان عالمی دنیا سے بالخصوص مسلم ممالک سے مطالبہ کرتا ہے کہ ہندوستان کا ہر سطح پر معاشی بائیکاٹ کیا جائے۔

**2- قرارداد منجانب جناب راجہ محمد فاروق حیدر خان ایم ایل اے۔**

آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے میزائل پروگرام کے حوالے سے ہندوستانی لابی کے زیر اثر غیر منصفانہ اور یکطرفہ اقدامات اٹھا کر برصغیر کے اندر طاقت کے توازن کو ایک بار پھر سے ہندوستان کے حق میں تبدیل کرنے کی کوشش قرار دیتا ہے۔ پاکستان کا یہ پروگرام صرف اپنے دفاع اور ہندوستان کے مذموم مقاصد کو روکنے پر منحصر ہے۔ جس حوالے سے دنیا کو پاکستان کی ان مشکلات کا ادراک بھی ہے لیکن بدقسمتی کے ساتھ امریکی حکومت پاکستان کی اس دفاعی حکمت عملی کو جارحانہ حکمت عملی قرار دیتے ہوئے اپنے لئے بھی خطرہ قرار دے رہی ہے

جو کہ سراسر غلط فہمی اور ہندوستانی لابی کے زیر اثر رہ کر اس قسم کے اقدامات اٹھا رہی ہے۔

آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس کشمیری عوام کی جانب سے پاکستان کے عوام اور حکومت کو یقین دلاتا ہے کہ وہ ہندوستان کے کسی بھی جارحانہ عزائم کے خلاف کشمیری عوام کو اپنے شانہ بشانہ پائیں گے اور یہ توقع رکھتا ہے کہ پاکستان کی حکومت اس حوالے سے وہ تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے گی جس سے امریکہ کی غلط فہمی دور ہو سکے اور اپنے دفاع کے لئے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

-3 **قرارداد منجانب جناب راجہ محمد فاروق حیدر خان ایم ایل اے۔**

آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس پاکستانی عوام اور حکومت کو یکم جنوری 2025ء سے دو سالہ مدت کے لئے سکیورٹی کونسل کا غیر مستقل رکن منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور اس امر پر بھی اطمینان کا اظہار کرتا ہے کہ پاکستان نے اس نشست کو حاصل کرنے کے لئے اقوام متحدہ کے اراکین کے ریکارڈ ووٹ لئے۔ یہ اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ جنوبی ایشیاء اور خطہ میں پاکستان کی اہمیت مسلمہ ہے۔

اجلاس حکومت پاکستان سے اس توقع کا اظہار کرتا ہے کہ وہ بطور غیر مستقل ممبر کشمیر کے دیرینہ اور تاریخی مسئلہ کے حل کے لئے 13 اگست 1948ء کی قرارداد کے مطابق رائے شماری کے حوالے سے وہ تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے گی جس سے ریاست جموں وکشمیر کے لوگوں کو اپنا ناقابل تنسیخ پیدائشی حق حاصل ہو سکے۔ جس کی بدولت وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کر سکیں۔

-4 **قرارداد منجانب جناب راجہ محمد فاروق حیدر خان ایم ایل اے۔**

آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا یہ اجلاس مہاجر ملت میر واعظ محمد یوسف شاہ صاحب کے فرزند میر واعظ مولوی احمد صاحب المعروف ام لالہ کی وفات پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لئے رب العزت کے حضور دست بدعا ہے۔ اجلاس میر واعظ عمر فاروق کو مولوی احمد صاحب کے غائبانہ نماز جنازہ ادا نہ کرنے دینے پر حکومت ہندوستان اور کٹھ پتلی انتظامیہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مذہبی معاملات میں کھلی مداخلت قرار دیتا ہے۔

اجلاس ریاست جموں وکشمیر میں ان تمام کالے قوانین کے نفاذ کی مذمت کرتا ہے جو ہندوستان نے گزشتہ تیس سالوں سے کشمیری عوام کی رائے اور آواز کو دبانے کے لئے ریاست میں نافذ کر رکھے ہیں۔ اجلاس آئے روز جعلی مقابلوں میں کشمیری نوجوانوں کی شہادت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل پر زور دیتا ہے کہ وہ انسانی حقوق کی صورتحال جاننے کے لئے مقبوضہ وادی میں کمیشن بھیجے۔

اجلاس میر واعظ عمر فاروق اور ریاست جموں وکشمیر کے تمام اسیر سیاسی قائدین کے ساتھ حمایت کا اعادہ کرتا ہے نیز یہ اجلاس جناب یاسین ملک کی نام نہاد مقدمے میں گرفتاری، بگڑتی صحت اور ان پر چلائے گئے مقدمات کی شدید مذمت کرتا ہے۔ اجلاس اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوترلیس سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس حوالے سے مداخلت کرتے ہوئے ہندوستان کی حکومت کو کسی ایسے اقدام سے باز رکھنے کے لئے تمام سفارتی ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ہندوستان کو ایسے کسی اقدام سے باز رکھیں گے جس سے ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو۔

-5 **قرارداد منجانب جناب خواجہ فاروق احمد قائد حزب اختلاف۔**

میر واعظ مولوی محمد احمد کی وفات پر کشمیری قوم سیز فائر لائن کے دونوں جانب گہرے دکھ ورنج کا اظہار کرتی ہے۔ میر واعظ مولوی محمد احمد مرحوم نے پوری زندگی تحریک آزادی کشمیر کی کامیابی، دین کی ترویج کیلئے وقف کئے رکھی۔ مرحوم آخری دم تک تحریک سے وابستہ رہے۔ انکی وفات سے تحریک آزادی کو نا قابل تلافی نقصان ہوا ہے۔

اجلاس ان کی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کے خاندان، لاکھوں عقیدت مند حضرات سے دلی تعزیت کرتا ہے اور مرحوم کیلئے بلندی درجات کی بھی دعا کرتا ہے۔

---

مظفرآباد/۔
25دسمبر2024ء

(چوہدری بشارت حسین)
سیکرٹری
قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر

محمد عاکف صابر

# قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر
# سیکرٹریٹ

.....

**مورخہ 26 دسمبر 2024ء بروز جمعرات بوقت 2:00 بجے دن منعقد ہونے والے قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر کے اجلاس میں دریافت کیئے جانے والے سوالات اوران کے جوابات۔**

---

**قلیل المہلت سوال 181**

**خواجہ فاروق احمد**

**ایم ایل اے** **کیاوزیر صحت بیان فرمائیں گے کہ:۔**

الف) کیا آزادکشمیر کے کسی ہسپتال میں پلاسٹک سرجن کی آسامی ہے۔

ب) اگر جز الف کا جواب نفی میں ہے تو کیاوزیر موصوف ایوان کو بتائیں گے کہ پلاسٹک سرجن کی ڈگری رکھنے والے ڈاکٹر کو محض CMO تعینات کیا گیا ہے جبکہ پلاسٹک سرجن ڈاکٹر کی آسامی کی تخلیق کیلئے محکمہ مالیات کو کی گئی تحریک کا کیا ہوا۔

**جواب**

الف) اس وقت آزادکشمیر کے کسی بھی ہسپتال میں پلاسٹک سرجن کی آسامی منظور شدہ نہ ہے۔

ب) آزادکشمیر کے بذیل ٹیچنگ ہسپتال ھاء و DHQ ہسپتال کے لئے پلاسٹک سرجن کی آسامیوں کی تخلیق کے لئے تجویز جنرل ہیلتھ پیکج میں شامل ہے اور محکمہ مالیات نے آسامیوں کی تخلیق کے لئے مالیاتی رضامندی دے دی ہے جس کے مطابق آسامیوں کی باقاعدہ تخلیق عمل میں لائی جا کر کر پلاسٹک سرجن کی آسامیوں کے خلاف تقرری کی کارروائی کی جائے گی۔

۱۔ ڈویژنل ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال میرپور۔

۲۔ عباس انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز مظفرآباد۔

۳۔ شیخ خلیفہ بن زید النہیان (سی ایم ایچ) مظفرآباد۔

۴۔ شیخ خلیفہ بن زید النہیان (سی ایم ایچ) راولاکوٹ۔

۵۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال (Burn سینٹر) کوٹلی۔

**نشانذدہ سوال نمبر 111**

**سردار محمد یعقوب خان**

**ایم ایل اے** **کیاوزیرایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن وضاحت فرمائیں گے کہ:۔**

الف) کیا یہ درست ہے کہ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول علی سوجل میں پرنسپل سمیت، ماہر مضمون، اساتذہ کرام کی دس آسامیاں خالی ہیں؟

ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کو بار بار توجہ دلانے کے باوجود خالی آسامیاں پُر نہ کی گئیں اور تدریسی سٹاف نہ ہونے کی وجہ سے مذکورہ بالا ہائیر سیکنڈری سکول امسال میٹرک کا نتیجہ صفر رہا؟

ج) کیا حکومت اِن خالی آسامیوں کو پُر کر کے طلبہ کو تدریس کی مطلوبہ سہولت مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ نیز کیا حکومت اس نتیجہ کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا ارادہ رکھتی ہے؟

**جواب۔**

الف) یہ درست نہیں ہے کہ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول علی سوجل میں پرنسپل سمیت ماہر مضمون، اساتذہ کرام کی دس آسامیاں خالی ہیں۔ متذکرہ ادارہ میں پرنسپل سمیت سینئر ماہر مضمون (بی۔18) اور ماہر مضمون (بی۔17) کی کل آسامیاں 10 ہیں جن میں سے 07 آسامیوں پر ماہر مضمون تعینات ہیں جبکہ صرف تین آسامیاں بوجہ بذیل خالی ہیں۔
سینئر صدر معلمین/سینئر ماہر مضامین (سکیل بی۔18) کی بطور پرنسپل (سکیل بی۔19) ترقیابی کا معاملہ زیر کار ہونے کی بناء پر پرنسپل کی اسامی تاحال خالی ہے جو جلد ہی نئی پرنسپل کی ترقیابی پر پُر کی جائے گی۔ نیز سینئر ماہر مضمون ریاضی (بی۔18) کی سنیارٹی عدالتی حکم امتناعی کی وجہ سے التواء میں ہے جس کی وجہ سے ماہر مضامین (بی۔17) سے سینئر ماہرین مضامین (بی۔18) ترقیابی نہیں ہو رہی اور ماہر مضمون سیاسیات (بی۔17) کی اسامی کے خلاف جلد ہی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ مکمل تفصیل بطور (ضمیمہ ج) الف ہے۔

ب) تفصیلی جواب جز "الف" میں دیا جا چکا ہے۔ سکیل بی۔18 سے سکیل بی۔19 میں ترقیابی کا معاملہ زیر کار ہے۔ جلد ہی بوائز ہائیر سیکنڈری سکول علی سوجل میں مستقل پرنسپل (بی۔19) کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ اس طرح دیگر خالی دو آسامیوں پر بھی بعد از سلیکشن بورڈ تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ سال 22-2021 کا رزلٹ صفر تھا۔ صفر فیصد نتائج دکھانے والے سربراہان ادارہ جات کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔

ج) جز الف میں جواب دیا جا چکا ہے۔ تاہم ان اسامیوں کو جلد پُر کر دیا جائے گا اور طلباء کو مطلوبہ سہولیات ہر ممکن مہیا کی جائیں گی۔ صفر فیصد نتائج دکھانے والے سربراہان ادارہ جات کے خلاف تادیبی کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔ آئندہ اس طرح کے رزلٹ دکھانے والے سربراہان ادارہ جات کے خلاف آزاد جموں وکشمیر سول سرونٹس (ایفشنسی اینڈ ڈسپلن) رولز 1977ء کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**نشانذدہ سوال نمبر 156**

**خواجہ فاروق احمد**

**ایم ایل اے**

**کیا وزیر صحت عامہ ایوان کو بتائیں گے کہ:۔**

الف) کیا یہ درست ہے کہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح نے اپنی ذاتی اخراجات سے مظفرآباد میں ایک لیڈیز فیملی ہسپتال تعمیر کروایا تھا؟ جس کے تمام تر اخراجات محترمہ نے ادا کیئے تھے؟

ب) اگر جزو "الف" کا جواب اثبات میں ہو تو کیا یہ ہسپتال جو ان کے نام سے موسوم تھا، آج موجود ہے؟

ج) اگر یہ ہسپتال ختم کر دیا گیا ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں اور کیا حکومت مادر ملت کے نام سے قائم اس ہسپتال کو دوبارہ بحال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**جواب**

الف) سی ایم ایچ مظفرآباد میں قبل از زلزلہ 08 اکتوبر 2005ء سے قبل شعبہ خواتین محترمہ فاطمہ جناح کے نام سے منسوب تھا جس کا نام فاطمہ جناح فیملی وارڈ تھا اس شعبہ میں گائنی وارڈ، چلڈرن وارڈ، فیملی میڈیکل اور فیملی سرجیکل وارڈ شامل تھے۔ 08 اکتوبر 2005ء کے ہولناک زلزلہ کے باعث سی ایم ایچ مظفرآباد کا جملہ infrastrucure بشمول فاطمہ جناح فیملی وارڈ مکمل طور پر تباہ ہو گئے تھے۔ وارڈ کے لیے اخراجات کی تفصیل کا کوئی ریکارڈ ادارہ ہذا میں موجود نہ ہے۔

ب) حکومت UAE کے مالی تعاون سے زلزلہ کے بعد CMH مظفر آباد کی تعمیر نو کی گئی اور ادارہ کا نام SKBZ Hospital سی ایم ایچ مظفر آباد رکھا گیا ہے۔

ج) حکومت وقت اگر مناسب سمجھے تو شعبہ گائنی اطفال کو حسب سابق محترمہ فاطمہ جناح کے نام سے منسوب کرنے کا حکومتی فرمان جاری کیئے جانے کی منظوری صادر فرما سکتی ہے۔

---

مظفرآباد۔
25دسمبر2024ء

**(چوہدری بشارت حسین)**
سیکرٹری
قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر

**/محمد عاکف صابر/**

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد

نظامت اعلیٰ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مردانہ

نمبر ای ایس ای /م/2/ ............ مورخہ /2024

بخدمت: جناب سیکرٹری ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،
آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفرآباد

عنوان:- تفصیل آسامیاں پرنسپل/سینئر ماہرین مضامین/ماہرین مضامین گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول علی سوجل ضلع پونچھ

معاملہ عنوان الصدر میں تحریر خدمت ہے کہ گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول علی سوجل ضلع پونچھ میں پرنسپل/سینئر ماہرین مضامین/ماہرین مضامین کی آسامیوں کی تفصیل بذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام اسامی | نام آفیسر | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 01 | پرنسپل بی۔19 | خالی ہے | سینئر صدر معلمین/سینئر ماہرین مضامین بی۔18 کی ترقیابی بطور پرنسپل بی۔19 کا معاملہ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں زیر کار ہے۔ سلیکشن بورڈ کے انعقاد کے بعد فوری طور پر مستقل پرنسپل کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 02 | سینئر ماہر مضمون فزکس بی۔18 | مسٹر طاہر محمود | مستقل سینئر ماہر مضمون فزکس بی۔18 تعینات ہیں |
| 03 | سینئر ماہر مضمون ریاضی بی۔18 | خالی ہے | ماہرین مضامین بی۔17 کی سنیارٹی عدالتی حکم امتناعی کی وجہ سے التواء میں ہے جس کی وجہ سے ماہرین مضامین بی۔17 سے سینئر ماہرین مضامین بی۔18 ترقیابی نہیں ہو رہی۔ |
| 04 | ماہر مضمون انگریزی بی۔17 | مسٹر محمد اسد امان | مستقل ماہر مضمون انگریزی بی۔17 تعینات ہیں۔ |
| 05 | ماہر مضمون اردو بی۔17 | مسٹر اختر حسین | ایڈہاک ماہر مضمون تعینات ہیں۔ |
| 06 | ماہر مضمون اسلامیات بی۔17 | مسٹر فیصل رفیق | مستقل ماہر مضمون اسلامیات بی۔17 تعینات ہیں۔ |
| 07 | ماہر مضمون معاشیات بی۔17 | مسٹر محمد طارق خان | مستقل ماہر مضمون معاشیات بی۔17 تعینات ہیں۔ |
| 08 | ماہر مضمون کیمسٹری بی۔17 | مسٹر غلام مرتضیٰ راجہ | مستقل ماہر مضمون کیمسٹری بی۔17 تعینات ہیں۔ |
| 09 | ماہر مضمون بیالوجی بی۔17 | مسٹر محمد اعظم شاہ | مستقل ماہر مضمون بیالوجی بی۔17 تعینات ہیں۔ |
| 10 | ماہر مضمون سیاسیات بی۔17 | خالی ہے | سینئر مدرسین سے ماہرین مضامین کی ترقیابی کے لیے سلیکشن بورڈ کی کارروائی زیر کار ہے۔ جلد ہی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ |

ناظم اعلیٰ
ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن مردانہ